Department of Education & Training

M.ED - II Semester Examination, May - 2015

Paper IV (D) : Minorities Education

چوتھا پرچہ (D) : اقلیتی تعلیم

Total Marks : 70 **Time : 3 Hours**

191

Part - A

I- مندرجہ ذیل سوالات میں سے کوئی سات سوالوں کے جواب لکھیے۔ ہر سوال کے 6 نشانات مقرر ہیں۔ **7X 6= 42**

1- اقلیت سے کیا مراد ہے؟ اقلیتوں کی جماعت بندی کن بنیادوں پر کی جاتی ہے؟

2- آئین ہند (Constituion of India) میں اقلیتوں کے کیا حقوق بیان کیے گئے ہیں؟

3- سماج میں اکثریتی اور اقلیتی طبقات کے درمیان ہم آہنگی اور تعاون کیوں ضروری ہے؟

4- قومی اقلیتی کمیشن (National Commission for Minorities NCM) کے وظائف / کام (Functions) اور کردار پر روشنی ڈالیے۔

5- ''ہندوستان میں اقلیتوں کی فلاح و بہبود کے سلسلے میں سچر کمیٹی ایک سنگ میل کی حیثیت رکھتی ہے۔'' بحث کیجیے۔

6- ہندوستان میں اقلیتوں، خاص کر مسلمانوں اور عیسائیوں کو کون سے مسائل درپیش ہیں؟

7- 'مرکز برائے پیشہ ورانہ ترقی اساتذہ اردو ذریعہ تعلیم' Centre for Professional Develoopment of Urdu Medium (CPDUMT)Teachers کے قیام کا مقصد بتاتے ہوئے مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی کے CPDUMT کی خدمات کا ایک اجمالی جائزہ پیش کیجیے۔

8- قومی تعلیمی پالیسی ۱۹۸۶، NPE 1986 نے اقلیتوں کی تعلیم کے ضمن میں کیا تجاویز پیش کیں؟

9- اقلیتوں کے تحفظ کے تعلق سے ان عالمی اداروں کے نام بتایئے جنہوں نے وقتاً فوقتاً اس ضمن میں اعلامیے جاری کیے ہیں؟

10- نسلی اقلیت (Racial Minorities) کی خصوصیات بیان کیجیے۔

Part - B

II- درج ذیل سوالوں کے جوابات لکھیے ہر سوال کے چودہ (14) نشانات مقرر ہیں۔ **2 x 14 = 28**

8- (الف) ''ملک کے تمام شہریوں کو صرف شہری کی حیثیت سے دیکھا جانا چاہیے۔ اقلیت اور اکثریت کی حیثیت سے نہیں'' اس خیال سے آپ کس حد تک متفق ہیں دلائل کے ساتھ اپنی بات واضح کیجیے۔

یا

(ب) وقف ترمیمی ایکٹ کے مختلف پہلوؤں کی نشاندہی کریں نیز اس کے معاشی مضمرات Econimic Implications پر روشنی ڈالیے۔

12- (الف) آج کے عہد بالخصوص ہندوستانی تناظر میں، مضمون اقلیتی تعلیم Minorities Education کی افادیت تفصیلی طور پر سمجھایئے۔

یا

(ب) ہندوستان جیسے ترقی پذیر ملک (Developing Country) کی ترقی میں اقلیتوں کے کردار سے بحث کیجیے۔

☆☆☆